سوال

(204)زکوۃ کا مال خود اپنے ہاتھ سے دے سکتا ہے یا نہیں ۔

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

بکر زکوۃ کے روپے بیت المال کے کافی انتظام نہ ہونے کے باعث مستحقین پر خود اپنے ہاتھ سے خرچ کرتا ہے ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

جب بیت المال کا انتظام باقاعدہ کسی معتمد کے ماتحت نہیں ۔ تو پھر خود بخود نہ ادا کرے تو کیا کرے ، حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب امام نہ ہو گا تو سب سے علیحدہ ہو کر زندگی گزار لینا ۔ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۴۸۶)

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاوی علمائے حدیث]

جلد 7 ص 306

محدث فتویٰ